# GRADE4 - URDU WORKSHEETS


| S.No | Content | Page No. |
| --- | --- | --- |
| 1 | نظم : حمد | 2 |
| 2 | محاورے | 3 |
| 3 | متعلق فعل | 4 |
| 4 | صفت اور موصوف | 5-6 |
| 5 | دو پھول | 7 |
| 6 | اندرونی طاقت | 8 |
| 7 | تصویری کہانی | 9 |
| 8 | مضمون عیدالاضحیٰ | 10-11 |
| 9 | رموز و اوقاف | 12-13 |
| 10 | زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں | 14-16 |
| 11 | خطوط نویسی | 17-18 |
| 12 | بنٹی اور کمپیوٹر | 19 |
| 13 | تاج محل | 20-21 |
| 14 | رنگ رنگیلے تہوار | 22-23 |
| 15 | اسم جمع | 24-27 |
| 16 | اسم ضمیر | 28-30 |
| 17 | اسم ضمیر کی اقسام | 31-33 |
| 18 | مضمون میرے والد | 34 |

# نظم حمد

حمد کسے کہتے ہیں؟

______________________________________________________________

______________________________________________________________

اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی دس اشیاء کی تصاویر بنائیں اور اُن کے نام لکھیں۔

# محاورے

دی گئی ایموجیز میں سے کوئی دس محاورے بوجھ کر لکھیں۔



# متعلق فعل

مندرجہ ذیل جملوں میں متعلق فعل لکھیں۔

1: میں اسکول ——— سے جاتی ہوں۔

2: میری امی ——— کھانا پکاتی ہیں۔

3: لڑکیاں پارک میں ——— سے کھیلتی ہیں۔

4: احمد ——— گانا گاتا ہے۔

5: میں ——— کتابیں پڑھتی ہوں۔

6: گھوڑا بہت ——————— دوڑتا ہے۔

7: اونٹ صحرا میں ——————— بھاگتا ہے۔

8: کچھوا ——————— چلتا ہے۔

9: آمنہ ——————— دودھ پیتی ہے۔

10: استاد ہمیں ——————— سے پڑھاتے ہیں۔

# صفت اور موصوف

مندرجہ ذیل تصاویر کے مطابق صفت اور موصوف لکھیں۔





______________ ______________ ______________





______________ ______________ ______________

# صفت اور موصوف

صفت اور موصوف الگ الگ لکھیں۔

1: بُرج دبئ دُنیا کی بلند ترین عمارت ہے۔

2: صلاح الدین ایوبی ایک عظیم فاتح ہے۔

3: دریائے گنگا کا پانی بے حد آلودہ ہے۔

4: قابیل پہلا قاتل تھا۔

5: ابن سینا ایک عظیم مسلم سائنسدان تھا۔

6: بنی اسرائیل خدا کے نافرمان تھے۔

7: ہاتھی ایک عظیم بڑا جانور ہے۔

8: عطاآباد جھیل کا پانی صاف اور پینے کے قابل ہے۔

9: ابن بطوطہ ایک مشہور سیاح ہے۔

10: گرامر کی یہ کتاب بے حد آسان ہے۔

| صفت | موصوف |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# دو پھول

اپنے پسندیدہ پھول کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریئے۔

آپ ماحول کو اپنا دوست کیسے بنائیں گے؟ پانچ جملے لکھیں۔

# اندرونی طاقت

ایسے بچوں کے نام لکھیں جنہوں نے کسی کی مدد کی ہو یا کوئی اچھا کام کیا ہو۔ نام کے سامنے کام بھی لکھیے۔

# تصویری کہانی



دی گئی تصویر کو دیکھیے اور کہانی اپنے الفاظ میں لکھیں۔

عنوان

# مضمون عیدالاضحیٰ

## عیدالاضحیٰ کیا ہے؟

عیدالاضحیٰ مسلمانوں کا ایک تہوار ہے جو 10 ذی الحج کو منایا جاتا ہے۔ اسے بڑی عید بھی کہتے ہیں۔ اسے وفاداری، اطاعت اور قربانی کے ایک خاص واقع کی یاد میں منایا جاتا ہے۔

## قربانی کی کہانی

ایک رات اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ سے خواب میں کلام کیا اللہ نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ وہ اپنے اکلوتے بیٹے حضرت اسماعیلؑ کی راہ میں وفاداری اور اطاعت دکھانے کے لیے قربان کر دیں۔

حضرت ابراہیمؑ اپنے بیٹے سے بے پناہ محبت کرتے تھے، لیکن اللہ سے بے پناہ عقیدت بھی رکھتے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ انہیں اللہ کے حکم کی تعمیل کرنی ہے۔ شیطان نے حضرت ابراہیمؑ کو اداسی کے فتنے میں ڈالنے کی کوشش کی لیکن حضرت ابراہیمؑ نے اسے نظر انداز کر دیا۔

جب ابراہیمؑ نے اپنے بیٹے کو قربان کرنے کی تیاری مکمل کر لی تو اللہ نے انہیں روک دیا۔ اللہ نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ اس کی بجائے ایک دنبہ قربان کریں۔

اللہ تعالیٰ حضرت ابراہیمؑ سے بہت راضی ہوئے کیونکہ حضرت ابراہیمؑ نے فرمانبرداری کی اور اللہ پر بھروسہ رکھا۔

## عیدالاضحیٰ منانا

مسلمان عیدالاضحیٰ کے موقع پر نئے کپڑے پہن کر مسجد جاکر اللہ تعالیٰ کی عنایت فرمائی ہوئی نعمتوں کا شکرادا کرتے ہیں۔

وہ قربانی کا گوشت خاندان، دوستوں اور مستحقین میں بانٹتے ہیں۔

## سوالات

س1: اگر آپ عیدالاضحیٰ مناتے ہیں تو آپ کون ہوں گے؟

________________________________________________________________

س2: عیدالاضحیٰ کا تہوار اور کیا کہلاتا ہے؟

________________________________________________________________

س3: وہ لفظ تلاش کر کے لکھیں جس کا مطلب اللہ کی محبت میں کسی چیز کو پیش کرنا ہے؟

________________________________________________________________

س4: اللہ نے حضرت ابراہیم سے کیسے کلام کیا؟

________________________________________________________________

س5: جملہ مکمل کریں- جب مسلمان عیدالاضحیٰ مناتے ہیں تو وہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

________________________________________________________________

# رموز و اوقاف

کوئی بات پوری ہو جانے پر ختمہ (۔) لگتا ہے۔اسی طرح تھوڑی سی دیر ٹھہرنے کے لیے سکتہ (،) اور سوال پوچھنے پر سوالیہ نشان (؟) لگاتے ہیں۔ البتہ کسی کو پکارنے اور حیرانی یا افسوس ظاہر کرنے کے لیے ایک ہی نشان (!) استعمال ہوتا ہے۔یہ ندائیہ، فجائیہ یا استعجابیہ کہلاتا ہے۔اسی طرح کے مختلف نشانوں کو "رموز و اوقاف" کہتے ہیں۔

دیئے گئے الفاظ کی علامت بنایئے۔

ختمہ ________

سکتہ ________

سوالیہ ________

فجائیہ ________

# رموز واو قاف

درج ذیل جملوں میں مناسب نشان ( رموز واو قاف ) لگائیے۔

1: میں نے پہیلی بوجھ لی

2: اے لڑکے تم نے میرے گھوڑے کو اتنا کیوں ڈرایا

3: میں نے جان بوجھ کر اسے نہیں ڈرایا

4: میں ہارا بتاؤ کیا جواب ہے

5: میں شام کو واپس آ گیا گھر میں مہمان میرا انتظار کر رہے تھے

6: میں صبح سویرے اٹھا وضو کیا نماز پڑھی ناشتہ کیا اور اسکول چلا گیا

7: میں بازار جا رہا ہوں

8: تمہارا گھر کہاں ہے

9: امی بازار سے پھل مٹھائی اور بسکٹ لائیں

10: یہ میری کتاب ہے

# زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں

زمانے کے لحاظ سے فعل کی تین قسمیں ہیں۔

زمانہ ماضی　　　　زمانہ حال　　　　زمانہ مستقبل

## (1) فعل ماضی

ایسا فعل یا کام جو گزرے ہوئے زمانے یعنی ماضی میں ہوُا ہو، اُسے فعل ماضی کہتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| بچہ رویا | بچہ، رو رہا تھا | بچہ رویا |
| چور بھاگا | چور، بھاگ رہا تھا | چور، بھاگا تھا |
| بجلی چمکی | بجلی، چمک رہی تھی | بجلی، چمکی تھی |

## (2) فعل حال

ایسا فعل یا کام جو موجودہ اور گزرتے ہوئے زمانے یعنی حال میں ہو رہا ہو، اُسے فعل حال کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| بچہ روتا ہے | بچہ، رو رہا ہے۔ |
| چور، بھاگتا ہے | چور، بھاگ رہا ہے۔ |
| بجلی، چمکتی ہے | بجلی، چمک رہی ہے۔ |

## فعل مستقبل:

ایسا فعل یا کام جو آنے والے زمانے یعنی مستقبل میں ہو گا، اُسے فعل مستقبل کہتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| بچہ روئے گا | بچہ، رو رہا ہو گا |
| چور، بھاگے گا | چور، بھاگ رہا ہو گا۔ |
| بجلی، چمکے گی | بجلی، چمک رہی ہو گی |

مندرجہ ذیل جملوں کے سامنے لکھیں کہ ان کا تعلق کس زمانہ سے ہے۔

1: اس کلاس کے سبھی بچے امتحان میں اچھے نمبر لائیں گے۔ ________________

2: اس نے لنچ کر لیا۔ ________________

3: اسلم اپنے دوست سے ملا تھا۔ ________________

4: پولیس، چور کے پیچھے بھاگی۔ ________________

5: استانی صاحبہ نیا امتحانی پرچہ تیار کریں گی۔ ________________

6: ٹی وی خراب تھا۔ ________________

7: رابعہ، کہانیاں لکھتی ہے۔ ________________

8: میں اپنی خالہ کے گھر جاؤں گی۔ ________________


# زمانے کے لحاظ سے فعل کی قسمیں

جملوں کی مدد سے گراف مکمل کریں۔

| فعل ماضی | فعل حال | فعل مستقبل |
|---|---|---|
| طالب علم نے خط لکھا تھا۔ | | |
| | گائے دودھ دیتی ہے۔ | |
| | | اسلم آئے گا۔ |
| | بچے امتحان دیتے ہیں۔ | |
| سکول کی گھنٹی بجی۔ | | |
| | انٹرویو ابھی جاری ہے۔ | |
| ماں نے بچے کو ڈانٹا | | |
| | | قیوم، بازار جائے گا۔ |
| | ریل گاڑی خراب ہے۔ | |
| علی نے سائیکل خریدی۔ | | |
| | | سکول، بند رہے گا۔ |
| | زینب، نماز پڑھتی ہے۔ | |

# خطوط نویسی

خط کے کتنے حصے ہیں؟ نام لکھئیے۔



1: خط پہنچانے کے قدیم اور جدید ذرائع میں دو فرق لکھیں۔

| قدیم ذرائع | جدید ذرائع |
|---|---|
| | |
| | |


2: خط کتنی اقسام کے ہیں ؟

______________________________________________

______________________________________________

______________________________________________

3: خط کے لفافہ پر پتہ لکھیں اور ٹکٹ چسپاں کریں۔



4: لیٹر بکس میں خط ڈالتے ہوئے اپنی تصویر چسپاں کریں۔

# بنٹی اور کمپیوٹر

دی گئی چیزوں کے ایجاد کرنے والے کی تصویر چپکائیں اور نام لکھیں۔

(فیس بُک، مائیکروسافٹ، ریڈیو، ٹیلی ویژن، کمپیوٹر، پلے اسٹیشن، موبائل فون)

# تاج محل

دُنیا کے سات عجوبے کون سے ہیں ؟ ساتوں عجوبوں کی تصویر چپکائیں اور ان کے بارے میں چند جملے تحریر کریں۔

# رنگ رنگیلے تہوار

مندرجہ ذیل فیسٹول کی تصاویر گوگل سے سرچ کر کے چپکائیں۔

(ہولی کی تہوار ، ٹوموٹینا فیسٹول ، مڈ فیسٹول ، اورینج بیٹل فیسٹول ، چچلکا واٹر ملن فیسٹول)

# رنگ رنگیلے تہوار

اپنے پسندیدہ تہوار کی تصاویر چپکائیں اور اس کے بارے میں چند جملے تحریر کریں۔

# اسم جمع

وہ لفظ جو لوگوں، جانوروں، جگہوں یا چیزوں کے ایک گروہ یا مجموعے کے لیے بولا، لکھا یا پڑھا جائے، اسم جمع کہلاتا ہے۔

پھولوں کا گلدستہ     جہاز کا عملہ     کھلاڑیوں کی ٹیم

تصاویر کے نیچے خانے میں سے چُن کر اسم جمع لکھیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| طلباء کی جماعت | لکڑیوں کا گٹھا | انگوروں کا خوشہ | کتابوں کا بستہ | کپڑوں کا ڈھیر | چابیوں کا گچھا | بھیڑیوں کا ریوڑ | مکھیوں کا چھتا |



______________________



______________________













# اسم جمع

اسم جمع پر دائرہ لگائیں۔

1: میں مریم کی سالگرہ پر اُسے پھولوں کا گلدستہ دوں گی۔

2: درختوں کے جھنڈ کے قریب ایک کنواں ہے۔

3: کھلاڑیوں کی ٹیم جیت کر واپس آئی۔

4: مکھیوں کے چھتے سے دور رہو۔

5: انگوروں کا خوشہ دھو کر کھاؤ۔

6: بھیڑوں کا ریوڑ، باڑے میں بند کرو۔

7: درخت پر کیلوں کا گچھا لٹک رہا ہے۔

8: شاعروں کی بزم میں شاعری کا دور چل رہا ہے۔

9: لڑکیوں نے پھولوں کے گجرے پہن رکھے ہیں۔

10: آتے ہوئے بازار سے جوتوں کا جوڑا خرید لانا۔

# اسم جمع

دیئے گئے جملوں میں مناسب اسم جمع لکھ کے جملے مکمل کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| موتیوں کی مالا | بزرگوں کی مجلس | کتابوں کا انتخاب |
| فوجیوں کا لشکر | اخباروں کا بنڈل | پہاڑوں کا سلسلہ |
| پرندوں کی ڈار | چوروں کی ٹولی | |

1: کتابوں کا ____________سوچ سمجھ کر کرو۔

2: موتیوں کی ____________ٹوٹ کر بکھر گئی۔

3: فوجیوں کا ____________جنگ کے لیے تیار ہے۔

4: اخباروں کا ____________چوکی دار کو دے دو۔

5: ہمالیہ پہاڑوں کا ایک بڑا ____________ہے۔

6: بزرگوں کی ____________میں انسان ادب سیکھتا ہے۔

7: کبوتروں کی ____________مغرب کی طرف اُڑتی جا رہی تھی۔

8: انسپکٹر کا بھائی بھی چوروں کی ____________میں شامل تھا۔

# اِسم ضمیر

اِسم ضمیر وہ لفظ ہے جو کسی نام یا اسم کی بجائے بولا یا لکھا جائے۔ مثال کے طور پر،

علی ایک ذہین لڑکا ہے۔ علی پڑھائی میں بے حد دلچسپی لیتا ہے۔ علی باقاعدگی سے سکول کا کام کرتا ہے۔ علی مختلف کھیلوں میں بھی حصہ لیتا ہے۔ سب اُستاد، علی کو بے حد پسند کرتے ہیں۔

اِس مثال میں اسم " علی " بار بار لکھا گیا ہے۔ اب ان جملوں کو اس طرح لکھیں اور پڑھیں گے۔

علی ایک ذہین لڑکا ہے۔ وہ پڑھائی میں بے حد دلچسپی لیتا ہے اور باقاعدگی سے سکول کا کام کرتا ہے۔ وہ مختلف کھیلوں میں بھی حصہ لیتا ہے۔ سب اُستاد، اُسے بے حد پسند کرتے ہیں۔

اس مثال میں " علی " کی بجائے " وہ " اور " اُسے " استعمال ہوئے ہیں۔ یہی اسم ضمیر کی مثالیں ہیں۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| میں | تم | ہم | تُو | ہمارا | ہمیں | تمہارا | تیرا | اِس |
| جنہیں | اُن | اِن | یہ | وہ | آپ | اُنہیں | تمہیں | میرا |
| جسے | جنہوں | اُنہوں | مجھے | اُسے | مجھے | تُمہارے | جس | اُس |

# اِسم ضمیر

اوپر دیئے گئے کوئی سے دس اسمائے ضمیر کی مدد سے جملے بنایئے۔

# اِسم ضمیر

مندرجہ ذیل جملوں میں مناسب اسم ضمیر لکھتے ہوئے انہیں دوبارہ لکھیں۔

ا: آمنہ کل آئے گی اور آمنہ میرے ساتھ کھیلے گی۔

---

2: اسلام آباد ایک خوب صورت شہر ہے۔اسلام آباد پاکستان کا دارالحکومت ہے۔

---

3: عمیر کو کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔ عمیر کو ہاکی بھی پسند ہے۔

---

4: مسٹر اور مسز نعیم پشاور میں رہتے ہیں۔ مسٹر اور مسز نعیم کے بچے کراچی میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔

---

5: مالی باغ کی صفائی کر رہا ہے۔مالی کا کوارٹر پچھلی جانب ہے۔

---

6: عدنان صاحب ایک اچھے انسان ہیں۔ عدنان صاحب کا چمڑے کا کاروبار ہے۔

---

# اِسم ضمیر کی اقسام

اِسم ضمیر کی تین اقسام ہیں۔

ضمیر متکلم　　　　ضمیر حاضر　　　　ضمیر غائب

**ضمیر متکلم :**

اپنے ذاتی نام کی بجائے جو لفظ بولا جائے، اُسے ضمیر متکلم کہتے ہیں۔

مجھے، میں، میرا، ہم، ہمارا ضمیر متکلم ہیں۔اِن کی مدد سے جملے مکمل کریں۔

1: ـــــــــــــ گھر، سکول سے تھوڑے فاصلے پر ہی ہے۔

2: پچھلے تقریری مقابلے میں ـــــــــــــ دوسرا انعام ملا تھا۔

3: ـــــــــــــ کاروبار بہت اچھا چل نکلا ہے۔

4: اس سال ـــــــــــــ حج کرنے جائیں گے۔

5: معافی چاہتی ہوں، ـــــــــــــ تمہاری مدد نہیں کر سکتی۔

**ضمیر حاضر :**

جو شخص آپ کے سامنے موجود ہو، اُس کے لئے جو ضمیر استعمال کی جاتی ہے، اُسے ضمیر حاضر کہتے ہیں۔

تُو، تُم، آپ، تمہارا، تمہارے ضمیر حاضر ہیں۔اِن کی مدد سے جملے بنائیں۔

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

# اِسم ضمیر کی اقسام

ضمیر غائب:

جس شخص کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ موجود نہ ہو، اُس کے لئے جو ضمیر استعمال کی جاتی ہے، اسے ضمیر غائب کہتے ہیں۔ وہ، اُس، اُسے، اُن، اُنہیں، اُنہوں ضمیر غائب ہیں۔

مندرجہ ذیل جملوں میں ضمیر غائب پر سرخ دائرہ لگائیں اور اُن کی بجائے موزوں "اسم" لکھ کر جملے دوبارہ لکھیں۔

1: نرس، اُس کی دیکھ بھال کرنے کو تیار تھی۔

---

2: اُستانی صاحبہ اُسے بے حد پسند کرتی ہیں۔

---

3: میں نے سُنا، وہ اُن کے خلاف باتیں کر رہا ہے۔

---

4: اُنہوں نے مجھے کتاب پڑھنے کو دی۔

---

5: اُن کا گھر، میرے گھر کے قریب ہی ہے۔

---

# اسم ضمیر کی اقسام

پیرا گراف میں سے "اسم ضمیر" چُن کر الگ لکھیں۔

"امی ! اگر آپ مجھے لینے وقت پر سکول آ جاتیں تو وہ مجھے اس قدر نہ ڈانٹتیں۔ آپ کی وجہ سے اُنھوں نے مجھے سزا بھی دی۔ اور تو اور ۔۔۔۔۔۔۔۔ عمیر بھی دُور کھڑا ہنس رہا تھا۔ غلطی اُس کی تھی مگر سزا مجھے ملی۔ میں سے مالی بابا سے بھی کہا کہ اُنہیں آ کر ٹیچر کو بتانا چاہیے کہ گملے میں نے نہیں توڑے مگر اُنھوں نے میری مدد کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ اُنھوں نے کہا کہ " تم خود اُستانی صاحبہ کو بتا دو، آخر تمہارے منہ میں بھی زبان ہے، مگر میری ہمت نہ ہو سکی۔"

# میرے والد (مضمون)

" میرے والد " پر مضمون لکھیں اور والد کی تصویر چپکائیں۔